
CHEETA MOP
چیتا
ایم او پی
دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی
کفایتی پوٹاش کھاد
پوٹاش کی سب سے زیادہ مقدار
60% پوٹاش
JAFFER
جعفر برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
ایم او پی
CHEETA MOP

ہماری زمینیں عرصہ دراز سے مسلسل کاشت کی وجہ سے اہم غذائی اجزاء کی کمی کا شکار ہیں، جو ہماری فی ایکڑ پیداوار میں جمود کی ایک اہم وجہ ہے۔ پوٹاشیم بھی ان اہم غذائی اجزاء میں سے ایک ہے۔ جدید تحقیقات سے یہ ثابت ہے کہ پوٹاش کی کھادوں کے استعمال سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں پوٹاشیم کھادوں کو زیادہ اہمیت نہیں دی گئی، یہی وجہ ہے کہ ہمارے ملک میں پوٹاشیم کے استعمال کی شرح بہت کم ہے۔

فصلوں میں پوٹاش کا کردار:

- پوٹاش کلوروفل کے بننے میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔
- پوٹاش پودوں کے پتوں میں خوراک بنانے والے عمل یعنی (Photosynthesis) سے بننے والے نشاستہ کو پودوں کے دوسرے حصوں تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔
- پوٹاش نشاستہ کو شکر میں تبدیل کرتا ہے، جس سے پھلوں اور شکر والی فصلوں مثلاً گنے اور چقندر میں شکر کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔
- پوٹاش کی بدولت، فصلوں میں بیماریوں اور کیڑے مکوڑوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہوتی ہے۔
- پوٹاش پھلوں اور سبزیوں کے معیار کو بہتر کرتا ہے اور زیادہ عرصے تک ذخیرہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- پوٹاش پودوں کے تنوں کو مضبوط کرتا ہے، جس سے فصل زمین پر گرنے سے کافی حد تک بچ جاتی ہے۔
- پوٹاش فصل میں نائٹروجن کے حصول اور استعمال کو یقینی بناتا ہے۔

پوٹاش کی کمی کی علامت:

اگر کسی وجہ سے فصل میں پوٹاش کی کمی واقع ہو جائے، تو اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ مثلاً پتوں کی نوک اور کنارے جھلس جاتے ہیں، خاص طور پر پرانے پتے سروں اور اطراف سے سوکھنا شروع ہو جاتے ہیں۔

جعفر کی پیٹا ایم او پی:

پوٹاشیم کی اہمیت کے پیش نظر، جعفر برادرز نے پیٹا ایم او پی متعارف کروائی ہے۔ پیٹا ایم او پی دراصل میوریٹ آف پوٹاش ہے جو پانی میں فوری حل ہو جانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور پودوں کو فوراً دستیاب ہوتا ہے۔ 60 فیصد پوٹاشیم اجزاء والی یہ کھاد تو تمام فصلوں اور زمینوں کیلئے کارآمد ہے۔ اس کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں:

- **دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی کفایتی پوٹاش کھاد:**
  پیٹا ایم او پی دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی پوٹاش کھاد ہے۔
- **پوٹاش کی سب سے زیادہ مقدار:**
  پیٹا ایم او پی 50 کلو کی بوری میں 60 فیصد پوٹاش ہوتی ہے جو کسی بھی اور پوٹاش کھاد کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے۔

سفارشات برائے استعمال

اگرچہ کھادوں کا استعمال زمینی زرخیزی، فصل کی اقسام، پیداواری ہدف اور دیگر زرعی عوامل پر ہوتا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر دی گئی سفارشات کے مطابق، پوٹاشیم کی ضرورت فصل کی عمر کے حساب سے بڑھتی رہتی ہے۔ ہمارے ملک میں روایتی طور پر دی گئی عمومی سفارشات یہ ہیں:

گندم	کماد	دھان	مرچ	ٹماٹر	آم	سبزیات وباغات
1 بوری	2 بوری	1 بوری	1 بوری	8 بوری	2.5 کلوگرام فی پودا	پودوں کے سائز کے حساب سے، کمپنی کے نمائندے کے مشورے سے استعمال کریں۔

وقت استعمال:

پیٹا ایم او پی کو عام طور پر کاشت کے وقت ڈالا جاتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے کاشت کے وقت نہ ڈالا جاسکے تو اسے پانی میں حل کر کے بھی دیا جاسکتا ہے۔ پیٹا ایم او پی کا استعمال ہلکی اور ریتلی زمینوں میں بھاری زمینوں کی نسبت زیادہ ضروری ہے۔

مزید معلومات کیلئے:

جعفر ایگروسروسز

سٹی ٹاور A-33، بلاک 6-پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس۔
شاہراہ فیصل، کراچی۔ 75400
فون: (92-21) 4373111 (15 lines)